# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

## 21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

**Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**

**www.facebook.com/AgriDepartment**

## پریس ریلیز

**وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اجلاس کا انعقاد**

**اجلاس میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی بحالی کے اُمور اور آئندہ گندم کی کاشت بارے تفصیلی غور کیا گیا۔**

**لاہور:30 ستمبر2025:** وزیر زراعت و لائیواسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں سیلاب متاثرہ علاقوں کی بحالی کے امور پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اُسامہ خان لغاری،سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو،سپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر،ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان،ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ عامر شہزاد کنگ،ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں،عبدالحمید،ڈاکٹر عامر رسول،رانا تجمل حسین، پراجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد انجم سمیت حافظ عبدالرحمن ،رانا محمود اختر و دیگر افسران شریک ہوئے

اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ فصلوں کے ازالہ کیلئے کاشتکاروں کو جلد مالی معاونت فراہم کی جائے گی اور یہ امداد براہِ راست ان کی دہلیز پر پہنچائی جائے گی تاکہ کسانوں کو کسی دشواری کا سامنا نہ ہو۔سید عاشق حسین کرمانی نے واضح کیا کہ امدادی پیکج کی فراہمی کے عمل میں مکمل شفافیت یقینی بنائی جائے گی اور اس کے تمام مراحل کی مانیٹرنگ کی جائے گی تاکہ امداد اپنے اصل حق داروں تک پہنچ سکے۔انہوں نے مزید کہا کہ آئندہ گندم کی فصل کے حوالے سے ماہرین کی تجاویز طلب کی گئی ہیں تاکہ کاشتکاروں کو بروقت رہنمائی فراہم کی جاسکے۔

☆☆☆☆